فوری ریلیز کے لیے: 2025/11/3 **گورنر KATHY HOCHUL**

بحال کریں، بھرتی کریں، دوبارہ تعمیر کریں: گورنر HOCHUL نے نیو یارک میں رہنے والوں کو کام کی غیر قانونی بندش کے خاتمے کے بعد ریاست کے اصلاحی نظام کے مستقبل کے بارے میں تازہ ترین صورتحال سے آگاہی فراہم کی

DOCCS کے تقریباً 10,000 سیکورٹی اہلکار پورے نیو یارک میں اصلاحی سہولیات پر کام کر رہے ہیں؛ نیویارک نیشنل گارڈ کے 6,000 اضافی ارکان کی تعیناتی جاری ہے

ریاست نیویارک نے اصلاحی افسر اکیڈمی میں تربیت پانے والے افراد کے ساتھ بھرتی کی کوششیں جاری رکھی ہوئی ہیں، جبکہ اس سے قبل ابتدائی تنخواہ میں اضافہ بھی کیا گیا تھا اور ریاست سے باہر کے درخواست دہندگان کو اجازت دینے کی تجویز بھی پیش کی گئی ہے

گورنر نے ایک ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط کر دیے ہیں جس میں وائلڈ کیٹ اسٹرائیک میں حصہ لینے والے افراد کی ریاستی سروس میں بھرتی پر پابندی لگا دی گئی ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج 22 دنوں کی غیر قانونی بندش کے خاتمے کے بعد ریاست نیو یارک کے اصلاحی نظام کے مستقبل کے بارے میں ایک اپ ڈیٹ فراہم کیا جس میں انہوں نے آگے بڑھنے، بھرتیاں کرنے، اور نظام کو دوبارہ تعمیر کرنے کی راہوں پر روشنی ڈالی۔ ہڑتال کا اختتام DOCCS اور NYSCOPBA کے درمیان معاہدے کی چار کوششوں کے بعد ہوا جس میں حفاظت اور معاوضے سے متعلقہ خدشات کو سنجیدگی سے دور کیا گیا ہے۔ فی الوقت 10,000 سے زیادہ سیکیورٹی اہلکار اصلاحی سہولیات میں کام کر رہے ہیں اور اپنے ساتھیوں، اپنی کمیونٹیز اور اپنی تحویل میں موجود افراد کی حفاظت کے لیے انتہائی جانفشانی اور ایمانداری سے اپنی ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں۔ نیشنل گارڈ کے 6000 سے زائد سروس اہلکار سیکورٹی اور سویلین عملے کے ساتھ حفاظت اور سیکورٹی برقرار رکھنے کے لیے تعینات ہیں۔ گورنر نے ایک ایگزیکٹو آرڈر پر بھی دستخط کر دیے ہیں جس کے ذریعے وائلڈ کیٹ ہڑتال میں حصہ لینے والے افراد کی ریاستی سروس میں بھرتی پر پابندی لگا دی گئی ہے۔

"میری اولین ترجیح نیویارک کے تمام باشندوں کی حفاظت اور فلاح و بہبود ہے — اور میں اس غیر قانونی ہڑتال کو ختم کرنے اور اپنے اصلاحی نظام میں تحفظ بحال کرنے کے لیے دن رات کام کر رہی ہوں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہم نے عوام الناس کے تحفظ کے لیے بے مثال اقدامات کیے ہیں، اور میں نیشنل گارڈ اور DOCCS کے اہلکاروں کی شکر گزار ہوں جو اپنے ساتھی نیو یارکرز کی حفاظت کے لیے بہت دل لگا کر اور جانفشانی سے اپنا کام کر رہے ہیں۔ آج، ہم آخر کار یہ کہہ سکتے ہیں کہ کام کی یہ بندش ختم ہو گئی ہے اور اب ہم اپنی جیلوں کو سب کے لیے محفوظ بنانے، اپنے اصلاحی عملے کی مدد کرنے، اور مستقبل کے اصلاحی افسران کو بھرتی کرنے کی جانب آگے بڑھ رہے ہیں۔"

جب یہ غیر قانونی واک آؤٹ شروع ہوا تھا تو گورنر Hochul (ہوکل) نے DOCCS کے سویلین اہلکاروں، کام پر موجود رہنے والے اصلاحی افسران، قیدی افراد، اور آس پاس کی کمیونٹی کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے عوامی تحفظ کے اہم ترین وسائل کافی مقدار اور تعداد میں تعینات کر دیے تھے۔ گورنر نے پوری ریاست میں نیشنل گارڈ کے

6,000 سے زائد سروس ممبران کو جیل سہولیات میں کام کرنے کے لیے متحرک کر دیا تھا اور نیشنل گارڈ کو ان کے اہم کام کے اعتراف میں اضافی معاوضے دینے کی منظوری بھی دے دی تھی۔

ہفتے کے روز، DOCCS اور NYSCOPBA میں بالآخر اس غیر قانونی واک آؤٹ کو ختم کرنے کے لیے چوتھا اور آخری معاہدہ طے پایا۔ باوجود اس کے کہ 85 فیصد واپسی کی حد پوری نہ ہو سکی، تاہم ریاست اس معاہدے کے اجزاء کے ساتھ ساتھ 6 مارچ کے معاہدے کو بھی مکمل طور پر تسلیم کر رہی ہے۔ ان معاہدوں کے وہ اجزاء جن کا ریاست احترام کرے گی:

- DOCCS کے کمشنر کو HALT ایکٹ کے تحت اپنی موجودہ صوابدید استعمال کرنے اور میمو آف انڈرسٹینڈنگ یعنی MOA کی تاریخ سے 90 دنوں کے لیے HALT ایکٹ کے پروگرامنگ عناصر کی عارضی معطلی کو جاری رکھنے کی اجازت دینا۔
- 24 گھنٹے کے لازمی اوور ٹائم کو کم سے کم کرنے اور ختم کرنے کے لئے کام کرنا۔
- موجودہ عملے کو مزید آسانی فراہم کرنے کے مقصد کے ساتھ ہر سہولتگاہ کے عملے اور آپریشنل نااہلیوں کا تجزیہ کرنے کے لیے ایک کمیٹی کا قیام عمل میں لانا۔
- DOCCS اجتماعی سودے بازی معاہدے کے تحت کسی ایسے ملازم کو نظم و ضبط کے نوٹس جاری نہیں کرے گا جو ہڑتال میں شامل تو ہوا ہو لیکن ڈیڈ لائن پوری ہونے تک کام پر واپس آ گیا ہو۔
- 30/70 میمو کی منسوخی کا اعادہ۔
- کسی بھی واپس آنے والے ملازم کا بیمہ صحت فوری طور پر بحال کرنا۔
- MOA کی تاریخ سے 30 دنوں کے لیے اوور ٹائم کے 2.5 گنا ریٹ کی ادائیگی جاری رکھی جائے گی جو 20 فروری، 2025 کو باہمی معاہدے کے ذریعے مقرر کیا گیا تھا۔
- ملازمین کو وہ بیمہ صحت خریدنے کی اجازت دینا جس میں ریاست کا مکمل حصہ اور ملازمین کا حصہ AWOL/ختم شدہ بیمہ صحت کے پہلے دن شامل ہوتا ہے۔
- HALT ایکٹ میں تبدیلیوں کے حوالے سے ریاست نیو یارک کی مقننہ کو سفارشات پیش کرنے کے لیے NYSCOPBA اور DOCCS اور دیگر جماعتوں کے نمائندوں پر مشتمل ایک کمیٹی کا قیام عمل میں لانا۔

کوئی بھی ملازم جو کل کام پر نہیں آیا تھا اسے برطرف کر دیا جائے گا، اور برطرفی کے تقریباً 2,000 نوٹس جاری کیے جائیں گے۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے ایک ایگزیکٹو آرڈر پر بھی دستخط کیے جس میں ایسے افراد کی ریاستی سروس میں بھرتی پر پابندی عائد کی گئی ہے جو وائلڈ کیٹ ہڑتال میں حصہ لے رہے ہیں اور اس وجہ سے انہیں سینٹرل رجسٹری آف پولیس اینڈ پیس آفیسرز (Central Registry of Police and Peace Officers) سے ہٹانے کی سفارش کی گئی ہے، جس سے وہ ریاستی اور مقامی دائرہ اختیار میں بطور پولیس یا امن افسر بھرتی نہیں ہو سکیں گے۔

ہماری توجہ اب مستقبل پر مرکوز ہے تاکہ اصلاحی سہولیات پر کام کرنے والے عملے کی مدد و معاونت کی جائے اور مستقبل کے اصلاحی افسران بھرتی کیے جائیں۔ نیو یارک نے نئے اصلاحی افسران کی بھرتی اور تعیناتی بڑھانے کے لیے کوششوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ اس میں شامل ہیں:

- نیویارک کی کریکشن آفیسر اکیڈمی (Correction Officer Academy) میں زیرِ تربیت اصلاحی افسران کی معاونت کرنا۔
- ایک اصلاحی افسر کے طور پر کچھ عہدوں کے لیے رہائش کے تقاضوں کے سلسلے میں سرکاری افسران کے قانون میں ترمیم کرنے کے لیے، اس سال کے ایگزیکٹو بجٹ میں آرٹیکل 7 کی زبان متعارف کروانا اور دیگر ریاستوں سے بھرتی کی اجازت دینا جس سے ممکنہ درخواست دہندگان کی تعداد میں کافی حد تک اضافہ ہو جائے گا۔
- DOCCS نے بڑے پیمانے پر سوشل میڈیا پر بھرتی کی مہم چلانے کے لیے OGS میڈیا سروسز کے ساتھ معاہدہ کیا ہے جس میں عوام کو DOCCS کے مشن سے بہتر طریقے سے واقف کروانے کے لیے سوشل میڈیا، کثیر ثقافتی ڈیجیٹل، سٹریمنگ آڈیو، ویڈیو اور جامد اشتہارات سمیت ملٹی چینل

طریقۂ کار شامل ہے۔ یہ مہم بالائی ریاست نیو یارک کے کمیونٹی کالج کیمپسز اور فوجی اڈوں کے لئے فروری 2025 میں لائیو ہوئی تھی۔

- DOCCS ریاست گیر بھرتی یونٹ مختلف مقامات پر بھرتی کے مراکز چلا رہا ہے اور فی الحال Destiny USA mall (سیراکیوز) اور Champlain Center mall (پلاٹسبرگ) میں بھرتی مراکز چلا رہا ہے۔
- DOCCS نے اصلاحی افسر کے تجربے کے حامل درخواست دہندگان کو ان کے تجربے کے مطابق تنخواہ کی شرح پر ہمارے اصلاحی افسران کی صفوں کی طرف راغب کرنے کے لیے ایک ایڈوانسڈ پلیسمنٹ پہل کاری کا آغاز کیا۔
- فروری 2025 میں، DOCCS کے ریکروٹمنٹ یونٹ (DOCCS Recruitment Unit) نے مجموعی طور پر کالجوں، ہائی اسکولوں، اور کمیونٹی تقاریب میں کُل 157 کیریئر فیئر اور ٹیبل ایونٹس میں شرکت کی۔
- جولائی 2024 میں، محکمے نے "CNY200" کا آغاز کیا، جو علاقائی بھرتی کی ایسی ترغیب ہے جو کہ اصلاحی افسران کو بھرتی ہونے کے بعد خالی آسامیوں پر براہ راست تعینات کرنے کے عمل کو فروغ دیتا ہے – اور یہ ایسا پروگرام ہے جسے آٹھ کاؤنٹیوں تک وسعت دے دی گئی ہے۔
- DOCCS کی بھرتی ٹیم نے NYS HELPs پروگرام میں DOCCS درخواستیں بڑھانے کے لیے ایک نیا اولین اقدام شروع کیا ہے جس میں کیریئر اور کمیونٹی تقاریب میں الیکٹرانک ریزیومے جمع کیے جاتے ہیں اور انہی علاقوں کی سہولتگاہوں تک بھیج دیے جاتے ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں